# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323


ریفرنس نمبر: بی سی آئی/بی ڈبلیو پی/2023-03(174) مورخہ 04 مارچ 2023

### کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 04 مارچ 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 04 مارچ 2023ء بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن زیرِ صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1 | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| -2 | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| -3 | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| -4 | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| -5 | جناب عدنان احمد | (ممبر) | فائیو سٹار سی این جی فلنگ اسٹیشن، بہاولپور |
| -6 | جناب عباس علی | (ممبر) | ہما سلک سنٹر، بہاولپور |
| -7 | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| -8 | جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، اوچشریف |
| -9 | جناب آصف عباس | (ممبر) | شیخ پروٹینز پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| -10 | جناب شیخ محمد خرم اظہار | (ممبر) | سبزازار میرج لان، بہاولپور |
| -11 | جناب منصور اقبال قریشی | (ممبر) | المیز ان آئل ملز، احمد پور شرقیہ |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر انہیں خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیرِ غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:- سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 12 جنوری 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔**

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 12 جنوری 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، جسے ہاؤس نے بعد غور و خوض منظور کرلیا اور اتفاق رائے سے اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کرلی۔

**قرارداد 08/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 12 جنوری 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور باتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"**

**ایجنڈا نمبر 2:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبرشپ کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 12 جنوری 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 3 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس اور 15 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

CamScanner

کارپوریٹ کلاس: 1۔ جنالہ فوڈز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 2۔ گروگنگ پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 3۔ طاہر وڈ پولٹری اینڈ ٹورز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور

ایسوسی ایٹ کلاس: 1۔ سمارٹ ٹریڈرز، بہاولپور 2۔ شیخ ٹریڈرز، چشتیاں 3۔ سعید حیدر پولٹری فارم، بہاولپور 4۔ علی حسن اینڈ برادرز، بہاولپور

5۔ منور ٹریڈرز، بہاولپور 6۔ ایڈوانچر ٹرپ اینڈ ٹور سروسز، بہاولپور 7۔ فرحان ٹریڈرز، یزمان 8۔ علی ٹریڈرز، یزمان 9۔ مقبول الیکٹرونکس، خیرپور ٹامیوالی

10۔ رائل پیلی کین ایسوسی ایٹس، بہاولپور 11۔ ایجر کنسلٹنٹس، بہاولپور 12۔ افون ٹریڈنگ کمپنی، بہاولنگر 13۔ ذیشان موبائل، بہاولپور

14۔ پاکستان سنٹرل کاٹن کمپنی، بہاولپور 15۔ محمد اقبال اینڈ سنز رائس ڈیلر، منڈی صادق گنج

ہاؤس نے درج بالا ممبرشپ پر غوروخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دے دی۔

**ایجنڈا نمبر3:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔**

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گذشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔ صدر چیمبر نے ہاؤس کو آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے زیر انتظام انٹرنیشنل چیمبرز سمٹ 2023 کا انعقاد کیا گیا جس میں انہوں نے بھی بہاولپور چیمبر کی نمائندگی کرتے ہوئے شرکت۔ صدر چیمبر نے کہا کہ انہوں نے اس سمٹ میں چند ایک اہم نکات پیش کئے جن کی تفصیل درج ذیل ہے 1۔ صدر چیمبر نے مطالبہ کیا کہ پاکستان میں سولر انرجی سسٹم کا استعمال وسیع پیمانے پر کیا جارہا ہے اور یہ وقت کی اہم ضرورت بھی بن چکا ہے لہذا سولر سسٹم کو ٹیکس فری کیا جائے۔ 2۔ صدر چیمبر نے کہا کہ بہاولپور ڈویژن میں قائم تمام چھوٹی بڑی انڈسٹری کے بجلی بلوں میں فکس چارجز کو ختم کرنا چاہیے۔ 3۔ بہاولپور میں زیر تعمیر بہاولپور انڈسٹریل اسٹیٹ جو کہ عرصہ دراز سے تکمیل کے مراحل سے گزر رہا ہے تاہم تاحال یہ منصوبہ فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے مکمل نہ ہوسکا ہے اس منصوبے کو بھی جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ اسکے علاوہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی، فصلوں کے لیے پانی کی کمی اور دیگر درپیش مسائل بھی پیش کیے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سمٹ کے آخری روز وفد کی صدر پاکستان سے ملاقات ہوئی اور اس سمٹ کا مشترکہ اعلامیہ صدر پاکستان کو پیش کیا گیا اور تعاون کی درخواست کی گئی جس پر صدر پاکستان نے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ یہ سب جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر4:- ماہ جنوری و فروری 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ جنوری و فروری 2023 کے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے منظوری پیش کیے۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 2 مارچ 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کرچکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ جنوری و فروری 2023 کے دوران چیمبر میں ہونیوالے اخراجات پر مبنی گوشوارا جات برائے غوروخوض و منظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ جنوری میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-4,09,751 روپے اور ماہ فروری میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-8,09,630 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارا جات پر غوروخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کرلیا اور بااتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کردی۔

**قرارداد 09/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر ماہ جنوری میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-4,09,751 روپے اور ماہ فروری میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-8,09,630 روپے کی بااتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر5:- صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے ایگزیکٹو رکن جناب مرید احمد نعیم نے کہا کہ چیمبر کی موجودہ سرگرمیاں قابل تحسین ہیں لیکن میری یہ تجویز ہے کہ چیمبر کے ایک وفد کو پاکستان میں موجود دیگر چیمبرز کا وزٹ بھی کرنا چاہیے تاکہ کاروباری سرگرمیوں کے تجربات کے ساتھ ساتھ دیگر امور بارے بھی معلومات حاصل کی جاسکیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ چیمبر کا ایک ایسا وفد بھی تشکیل دیا جائے جو بیرون ممالک کا تجارتی وزٹ کرے اور وہاں کے چیمبرز کے ساتھ میٹنگز طے کی جائیں تاکہ بزنس سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو۔ جس پر صاحب صدر نے اس تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل کو کہا کہ یہ پلان اراکین ایگزیکٹو کے وٹس ایپ گروپ میں شیئر کردیا جائے۔ ایگزیکٹو رکن جناب ارشد رحمانی نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ بہاولپور میں سولر مینوفیکچرنگ یونٹ کے قیام کے لیے بھی کوئی مثبت مہم چلائی جائے تاکہ سولر سسٹم کی مینوفیکچرنگ بہاولپور میں شروع کی جاسکے اس سے سولر سسٹم کی کاسٹ میں بھی کچھ کمی واقع ہوگی اور روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوسکیں گے۔ چیمبر کے سینئر نائب صدر جناب حنیف احمد نے کہا کہ ہمارے چیمبر میں جو MOU کی تقریب

ابھی تک منعقد نہ ہو سکی ہے اسے بھی جلد از جلد پایا تکمیل تک پہنچایا جائے تا کہ ان MOU کی بدولت اراکین چیمبر مستفید ہو سکیں۔ صاحب صدر نے ہاؤس کو زاعتماد میں لیتے ہوئے کہا کہ چیمبر کی جانب سے منعقدہ بہاولپور ٹریڈ فیئر کا جو انعقاد کیا گیا ہے اس کے اخراجات چیمبر کے دوستوں کے تعاون سے ہی ممکن ہو سکیں ہیں تا ہم کچھ رقم ابھی بھی قابل وصول ہے اگر یہ رقم وصول نہیں ہوتی تو بقایا رقم کی ادیگی ہم چیمبر سے کریں گے۔

**چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔ جس کے بعد اراکین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔**

(سیکرٹری جنرل)

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری